© rasailojaraid.com

''شرح الوقایہ'' فقہ حنفی کی مستند، مشہور اور متداول کتاب ہے، جو صدر الشریعہ عبید اللہ بن مسعود ابن تاج الشریعہؒ کی تالیف ہے، اس کی ابتدائی دو جلدیں (اولین) کئی سالوں سے وفاق کے نصاب میں داخل تھیں، مگر چند سال ہوئے اب ترمیم کرتے ہوئے اس کی آخری دو جلدوں (اخیرین) کو داخل نصاب کر دیا گیا ہے۔ جو اولین کے مقابلہ میں نسبتاً کافی مغلق ہیں، حتیٰ کہ اغلاق و پیچیدگی میں اسے ہدایہ کے ہم پلہ قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے اغلاق کی ایک وجہ تو اس کے متن کا ازحد اختصار ہے، دوسری وجہ ہمارے نزدیک متعدد مقامات پر وہ مخدوش عبارات ہیں جن میں ظن غالب یہ ہے کہ اصل مخطوطہ سے نقل کے دوران حیقظ و تو قد کے تقاضے پورے نہیں کئے گئے، جس کی وجہ سے عبارات ناقص نقل کی گئی ہیں، اس کتاب پر کرنے کا سب سے پہلا اور اہم کام یہی ہے کہ اس کے اصل مخطوطے تلاش کر کے اس کا اغلاط سے پاک بہترین نسخہ چھاپا جائے۔

غرض کتاب کے یہ آخری دو حصے چونکہ مغلق ہیں اس لئے اساتذہ وطلبہ کی سہولت کی خاطر اس کی کئی شروح اب تک لکھی جا چکی ہیں، زیر تبصرہ کتاب اس کی نئی اردو شرح ہے، ٹائٹل پر شرح کی یہ خصوصیات لکھی گئی ہیں: ''ترجمہ، حل عبارت مع الترکیب، فوائد قیود، تشریح، اعتراض شارح کے جوابات، فقہی اصطلاحات کی وضاحت، کتب فقہ کے حوالہ جات، شارح کے تسامح کا ذکر، احناف کے اختلافی مسائل میں راجح قول کی تعیین، امہات کتب یعنی شامی، فتح القدیر، عنایہ اور البحر الرائق سے استفادہ''۔

عبارت کی تشریح میں فاضل شارح کا اسلوب عام فہم اور مدرسانہ ہے، امید ہے مدرسین وطلبہ میں یہ شرح پسندیدگی کی نظر سے دیکھی جائے گی۔ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ اور کاغذ مناسب ہے۔

**آیات ختم نبوت** : مؤلف: مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم، ناشر: جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات، صفحات: 912، سائز: 23x36/16، قیمت: درج نہیں۔

''ختم نبوت'' کے دفاع اور ''فتنہ قادیانیت'' کے رد میں اب تک بلا مبالغہ سینکڑوں چھوٹی بڑی کتب لکھی گئی ہیں، زیر نظر کتاب بھی اسی سنہری سلسلے کی ایک مضبوط کڑی ہے، جو مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ اور جامعہ ام القری مکہ مکرمہ کے فاضل مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم کی عمدہ کاوش ہے۔ اس کتاب میں فاضل مؤلف نے قرآن کریم کی سینکڑوں آیات کریمہ سے ختم نبوت کا عقیدہ ثابت کیا ہے، مؤلف کا طرز استدلال انتہائی دلچسپ اور دل موہ لینے والا ہے۔ کتاب کے آخر میں ختم نبوت کے موضوع پر عربی اور انگریزی زبان میں تقاریر بھی دی گئی ہیں، جن میں بیس کے قریب قرآنی آیات، چالیس کے قریب احادیث مبارکہ ہیں اور سیرت نبویہ سے ایسے شواہد دیئے گئے ہیں جو ختم نبوت پر دلالت کرتے ہیں۔

غرض یہ کتاب دلچسپ بھی ہے اور مفید بھی، فتنہ قادیانیت کے دجل وفریب سے نئی نسل کو آگاہ کرنے کے لئے


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ضروری بھی۔قادیانیوں کے تعاقب میں ختم نبوت کے جانبازوں کے لئے یہ "صارم مسلول" ہے۔البتہ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، کاغذ اور سیٹنگ غرض، کسی چیز میں سلیقہ مندی نہیں ہے۔ نیز عربی زبان کی تقاریر میں عجمیت بہت زیادہ ہے۔

**حضرت نانوتویؒ اور خدمات ختم نبوت**: تالیف: مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم، ناشر: جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات، صفحات: 384، سائز 23×36/16، قیمت: درج نہیں۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ تاریخ اسلام کی ان نابغہ روزگار شخصیات میں سے ہیں، جن پر مسلمان بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں، بلا مبالغہ وہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک تھے، اور اسلام کی حقانیت پر ان کے مسلمان ہونے سے استدلال کیا جا سکتا تھا، وہ دار العلوم دیوبند کے حسی و روحانی بانی و معمار تھے، ظلمت کدۂ ہند میں انہوں نے صحیح اسلامی افکار و نظریات کو فروغ دیا، دینی شعور و آگہی کی شمع روشن کی اور حق گوئی و بے باکی اور شجاعت و بسالت کی شاندار مثالیں قائم کیں۔ ان کی قومی و ملی خدمات اور علمی مآثر کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مؤلف نے حضرت نانوتویؒ کی ختم نبوت سے متعلق خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے، تقریباً حضرت نانوتویؒ کے تیئیس (23) کتب و رسائل کی ورق گردانی کر کے ان میں سے ایسی عبارات پیش کی ہیں، جن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و مدحت اور ان کے منصب ختم نبوت کے بارے میں حضرت نانوتویؒ کے جذبات و احساسات اور عقیدہ و ایمان کی قوت و حرارت کا اندازہ ہوتا ہے، بلاشبہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے حضرت نانوتویؒ کی خدمات برصغیر کی تاریخ میں اساس اور بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان کے بعد اس موضوع پر جو کچھ لکھا گیا وہ سب انہی کی مرہون منت ہیں۔

یہ کتاب ایک قابل قدر علمی کاوش ہے جس پر مؤلف اہل اسلام کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب مضبوط جلد بندی کے ساتھ ہلکے کاغذ پر چھپی ہے۔ البتہ سیٹنگ میں سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

**اپنی نمازیں درست کیجئے**: تالیف: مفتی محمد حنیف عبد المجید، ناشر: دار الہدیٰ، صفحات: 96، قیمت: 70 روپے۔

نماز اسلام کے ارکان میں سے انتہائی اہمیت کا حامل رکن ہے، قرآن و حدیث میں اس کی پرزور تاکید کی گئی ہے اور اس کی ادائیگی پر بیش بہا ثمرات کے وعدے کئے گئے ہیں۔ اس عبادت کی ایک اہم خصوصیت و تاثیر یہ ہے کہ اگر اسے اس کی شرائط، ارکان اور آداب کی بھرپور رعایت کرتے ہوئے خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کیا جائے تو اس کی برکت سے انسان تمام برائیوں اور بے حیائی کے کاموں سے رک جاتا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں نماز کو اس مطلوبہ معیار پر لانے کا طریقہ نہایت آسان و عام فہم اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ مناسب کاغذ پر چھپی ہے۔



© rasailojaraid.com